سوال

(23)کیا روزہ میں کوئی معاشرتی فائدہ بھی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا روزہ میں کوئی معاشرتی فائدہ بھی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں روزہ سے متعدد معاشرتی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے کہ لوگوں میں ایک امت کے افراد ہونے کا احساس بیدار ہوتا ہے۔ چونکہ وہ ایک ہی وقت میں کھاتے ہیں اور ایک ہی وقت میں روزہ رکھتے ہیں اور دولت مند اللہ کی نعمتوں کو محسوس کرتا ہے اور محتاج افراد سے ہمدردی کرتا ہے۔ روزہ رکھنے کے عمل کے باعث آدمی کے لئے شیطان کے بہلاوے کم ہوجاتے ہیں اور روزہ معاشرہ کے افراد میں تقویٰ پیدا کرنے کا باعث ہے اور اس سے لوگوں کے آپس کے تعلقات مضبوط ہوتے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الصیام

صفحہ: 77

محدث فتویٰ